© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافران آخرت

**حضرت خواجہ خان محمد مدظلہ کی اہلیہ محترمہ رحلت فرما گئیں**

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر، ماہنامہ نقیب ختم نبوت کے سرپرست اور ہمارے مخدوم، برکۃ العصر حضرت مولانا خواجہ خان محمد مدظلہ کی اہلیہ محترمہ ۲۴۔ جولائی ۲۰۰۰ء کو رحلت فرما گئیں۔ حضرت مدظلہ سالانہ تحفظ ختم نبوت کانفرنس میں شرکت کے لئے چند روز قبل ہی برطانیہ پہنچے تھے۔ کہ یہ سانحہ ارتحال پیش آ گیا۔ چنانچہ فوراً واپسی اختیار کی اور خود نماز جنازہ پڑھائی۔ مخدومہ مرحومہ صاحبہ کو خانقاہ سراجیہ کندیاں کے قبرستان میں ہی سپرد خاک کیا گیا۔

**مولانا محمد اشرف خان ماجد مرحوم**

نامور عالم دین شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم کے فرزند ارجمند اور پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل حضرت مولانا زاہد الراشدی کے چھوٹے بھائی مولانا محمد اشرف خان ماجد گذشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

**محترم خالد جانباز کی ہمشیرہ مرحومہ**

احرار رہنما اور معروف قومی شاعر جانباز مرزا مرحوم کی بیٹی اور محترم خالد جانباز صاحب کی ہمشیرہ گزشتہ ماہ لاہور میں رحلت فرما گئیں۔

**محترم محمد عبداللہ نقشبندی مرحوم**

جلالپور پیر والا سے محترم قاری عبدالرحیم فاروقی کے ہمزلف الحاج امیر احمد سجاد کے والد جناب محمد عبداللہ نقشبندی ۲ جولائی بروز اتوار ایک حادثہ میں وفات پا گئے ہیں۔

**صوفی غلام اکبر (بھکر) کی دختر مرحومہ**

احرار کارکن صوفی غلام اکبر بہرمی چراغ شاہ (بھکر) کی بیٹی انتقال کر گئیں۔

**والدہ ماجدہ مولانا حبیب الرحمن ہاشمی**

ہمارے کرم فرما مولانا حبیب الرحمن ہاشمی (خطیب نشتر میڈیکل کالج ملتان) اور مولانا عزیز الرحمن ہاشمی کی والدہ ماجدہ رحلت فرما گئیں۔

**محترم حافظ عبدالسلام صاحب کی رحلت:** مجلس احرار اسلام بورے والہ کے رکن محترم رانا عبدالنعیم نعمانی، مولانا عبدالرؤف صاحب، حافظ عبدالسمیع صاحب اور مولانا عبدالمتین کے والد ماجد محترم حافظ عبدالسلام صاحب ۲۰ جولائی کو انتقال فرما گئے۔ مرحوم حضرت مولانا عبدالرحیم نعمانی رحمہ اللہ کے چھوٹے بھائی تھے۔ انتہائی صالح اور عابد زاہد تھے۔

**حافظ ابوسفیان کو صدمہ:** مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق طالب علم شیخ حافظ محمد ابوسفیان (عثمان آباد کالونی ملتان) کے نومولود بیٹے کا گزشتہ ماہ انتقال ہو گیا ہے۔

ادارہ نقیب ختم نبوت کے کارکن محمد الیاس کے دادا محترم احمد یار اور بھائی ابوبکر صدیق گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

ادارہ نقیب ختم نبوت کے دیرینہ کرم فرما محترم محمد یسین شاد کے بہنوئی صوفی اللہ دتہ ملتان میں انتقال کر گئے۔

© rasailojaraid.com